# ہندوستان-چین کور کمانڈر کی سطح کی 18ویں دور کی میٹنگ

24 اپریل 2023

ہندوستان-چین کور کمانڈر سطح کی 18ویں دور کی میٹنگ 23 اپریل 2023 کو چین کی طرف چشول-مولڈو سرحدی میٹنگ پوائنٹ پر منعقد ہوئی۔

دونوں فریقوں نے مغربی سیکٹر میں ایل اے سی کے ساتھ متعلقہ مسائل کے حل پر کھل کر اور گہرائی سے بات چیت کی تاکہ سرحدی علاقوں میں امن و سکون کو بحال کیا جا سکے جس سے دوطرفہ تعلقات میں پیش رفت ہو سکے گی۔ ریاستی رہنماؤں کی طرف سے فراہم کردہ رہنمائی کے مطابق اور مارچ 2023 میں دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان ہونے والی ملاقات کے بعد، انہوں نے کھلے اور صاف انداز میں خیالات کا تبادلہ کیا۔

عبوری طور پر، دونوں فریق نے مغربی سیکٹر میں زمینی سلامتی اور استحکام کو برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔ دونوں فریقوں نے قریبی رابطے میں رہنے اور فوجی اور سفارتی ذرائع سے بات چیت کو برقرار رکھنے اور بقیہ مسائل کے جلد از جلد باہمی طور پر قابل قبول حل پر کام کرنے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**24 اپریل 2023**